کلکتہ • اتوار، ۱۵ رفروری ۲۰۲۶ء • بمطابق ۲۶ رشعبان المعظم ۱۴۴۷ھ •

Pages-12 ● 44 :شمارہ ● 13:جلد ● KOLKATA ●

Sunday, 15th February, 2026 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ●

E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com,
Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332

Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna

Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney

अवामी न्यूज़

# روزنامہ عوامی نیوز

₹5/- only

کوئی بھی خبر،تصویر،اطلاع،اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں

کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com

بے باک صحافت کا علمبردار





عزت مآب وزیر اعلیٰ
## ممتا بنرجی
کی سنجیدہ پہل پر

## خود انحصار بنگال



ماں - ماٹی- مانش کی حکومت کا ایک تاریخی اعلان
جس کا مقصد ہی تعمیر ہے

بنگال کے نوجوان ساتھی، کھیت مزدور اور دیگر
کسانوں کی امداد اور لکھی بھنڈار
منصوبے کا نیا رجسٹریشن

## رجسٹریشن کا مرحلہ : 15 سے 26 فروری، 2026

وقت: صبح 10/بجے سے شام 5/بجے تک
(سرکاری چھٹی کے دنوں کو چھوڑ کر)

### سبھی خواتین صارفین کیلئے لکھی بھنڈار کی رقم میں 500/روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔



- لکھی بھنڈار منصوبہ کے تحت ماہانہ مالی امداد میں اضافہ کر کے عام زمرہ کی خواتین کیلئے 1,000/روپے سے بڑھا کر 1,500/روپے اور درج فہرست ذات/درج فہرست قبائل کے تحت آنے والی خواتین کیلئے 1,200/روپے سے بڑھا کر 1,700/روپے کر دیا گیا ہے۔
- درخواست کی بنیاد پر مزید 20,62/لاکھ ماؤں- بہنوں کو اس اسکیم میں شامل کیا گیا ہے۔اب ریاست میں تقریباً 2.42/کروڑ مائیں اور بہنیں اس اسکیم کے تحت ہیں۔
- آئندہ 15/فروری سے 26/فروری،2026 تک اسمبلی پر مبنی کیمپوں کے ذریعے سے درخواست فارم تقسیم کیا جائے گا اور پر کیا ہوا درخواست فارم جمع لیا جائے گا۔

### سبھی کھیت مزدوروں کیلئے سالانہ 4,000/روپے کی مالی امداد



- وہ سبھی کھیت مزدور جن کی خود کی زرعی زمین نہیں یا جو حصہ دار کے طور پر رجسٹرڈ نہیں، یا جو کریشک بندھو (نیا) منصوبہ کی سہولیات حاصل نہیں کر پا رہے ہیں۔ وہ سبھی کھیت مزدور اس منصوبے کے تحت آئیں گے۔
- ہر سال خریف اور ربیع کے موسم کے شروعات میں 2,000/روپے کر کے دو قسطوں میں کل 4,000/روپے کی مالی امداد فراہم کی جائے گی۔
- آئندہ 15/تا 26/فروری،2026 تک اسمبلی پر مبنی کیمپوں کے ذریعے سے درخواست فارم تقسیم کیا جائے گا اور پر کیا ہوا درخواست فارم جمع لیا جائے گا۔

### بانگلار جوبا- ساتھی (بنگال کے نوجوان- ساتھی) اسکیم کے تحت ماہانہ 1,500/روپے کی مالی مدد



- ریاست کے مدھیامک یا مساوی امتحان پاس کرنے والے سبھی نوجوان لڑکے و لڑکیاں، جنہیں ابتک نوکری نہیں ملی ہیں اور اسکالرشپ کے علاوہ کسی بھی سماجی تحفظ کی اسکیم میں شامل نہیں ہیں، 21/ سے 40/برس کی عمر والے سبھی لڑکے و لڑکیوں کو 1,500/روپے کر کے ہر مہینہ مالی مدد فراہم کیا جائے گا، زیادہ سے زیادہ 5/برس تک۔
- امداد کا یہ سلسلہ آئندہ یکم/اپریل،2026 سے براہ راست بینک اکاؤنٹ میں پہنچ جائے گا۔
- درخواست فارم کا نمونہ کیمپ یا دفتر کے ویب سائٹ www.wbsportsandyouth.gov.in سے ڈاؤن لوڈ کیا جائے گا۔

### کسانوں پر سے آبپاشی کیلئے پانی کے استعمال پر لگائے گئے پانی محصول کو مکمل طور پر معاف کر دیا گیا ہے۔

- پہلے مختلف اقسام کی آبپاشی کیلئے عائد پانی ٹیکس کو کسانوں سے 17/روپے فی ایکڑ انچ کے حساب سے وصول کیا جاتا تھا، جو کہ اب سے اور وصول نہیں کیا جائے گا۔
- اس پہل کے نتیجے میں 9,965/عدد چھوٹے آبپاشی منصوبے کے تحت تقریباً 3.06/لاکھ ہیکٹر زرعی زمین پر کاشتکاری سے کم و بیش 10.66/لاکھ کسان مستفیض ہوں گے۔
- محکمہ تحقیق و ترقی آبی وسائل، کیمپ کے ویب سائٹ سے متعلقہ اشتہاری پمفلٹ ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ تفصیلی معلومات کیلئے بلاک ڈولپمنٹ افسر کے دفتر اور مختلف کیمپ سے رابطہ کرنے کیلئے مودبانہ گزارش کی جاتی ہے۔



ICA-D285(7)/2026

ہیلپ لائن نمبر
033-22140152 اور (ٹول فری) 18003450117

کیمپ میں آتے وقت برائے مہربانی آدھار کارڈ، ذات کا سرٹیفیکیٹ، بینک پاس بک کا پہلا صفحہ اور مدھیامک یا مساوی امتحان کا ایڈمٹ کارڈ کا زیرکس کاپی اور 2 عدد پاسپورٹ سائز فوٹو کے ساتھ درخواست۔

اپنے قریبی کیمپ کو تلاش کرنے کیلئے https://apas.wb.gov.in پر جا کر FIND YOUR CAMP کے آپشن پر کلک کریں۔

حکومت مغربی بنگال کا عوامی حق میں جاری




Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : *Aziz Burney*
अवामी न्यूज़

# روزنامہ عوامی نیوز

3

کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں




Pages-12 ● شمارہ: 44 ● جلد: 13 ● KOLKATA ● Sunday, 15th February, 2026 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۱۴۴۷ھ ● بمطابق ۲۶ رشعبان المعظم ● اتوار، ۱۵ رفروری ۲۰۲۶ء ● کلکتہ

# بنگلہ دیش کا منظور نظر کون؟ چین، پاکستان یا بھارت! طارق کا امتحان

## جلاوطن شیخ حسینہ کے مستقبل کا دارومدار اور طارق کی سفارتی مزاج کی آزمائش



ڈھاکہ، 14 رفروری: بھاری اکثریت سے الیکشن جیتنے کے بعد بنگلہ دیش کو دوبارہ پٹری پر لانے کا بوجھ اب بی این پی کے سربراہ طارق رحمان کے کندھوں پر ہے۔ نئی حکومت ملک کے اندر بڑھتے ہوئے تشدد، نفرت اور امتیاز کے ساتھ 'کنفیوزڈ خارجہ پالیسی' کو کیسے سنبھالے گی؟ کیا ماضی کی طرح چین پاکستان یا بھارت کا انتخاب کیا جائے گا؟ بنگلہ دیش کے مستقبل کے وزیراعظم نے سنیچر کے روز ایک پریس کانفرنس میں اس کی جھلک دی۔ ملک کی تعمیر کے لیے سب کو مل کر کام کرنے پر زور دینے کے علاوہ، انھوں نے خارجہ پالیسی کے حوالے سے کہا، 'بنگلہ دیش اسٹریٹجک آزادی کو برقرار رکھے گا۔ میں کسی کے ساتھ کوئی خاص طرفداری نہیں کروں گا۔' حسینہ واجد کی حکومت کے خاتمے کے بعد بنگلہ دیش میں گزشتہ ڈیڑھ سال میں یونس کے دور میں بہت سی تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ ملک تشدد، قتل و غارت، اقلیتوں پر جبر اور بنیاد پرستی کے عروج کے ساتھ 'ہجوم کا ملک' بن گیا تھا۔ یہی نہیں یونس کی حکومت نے جنگ آزادی کی روح کو فراموش کرتے ہوئے ظہر محرم کو پاکستان کے ساتھ بڑھا دیا تھا۔ اشتعال انگیزی بھارت کے خلاف نفرت کی آگ کو ہوا دے رہی تھی۔ اس سنگین صورتحال پر قابو پانے کے بعد طارق نے سنیچر کے روز ایک پریس کانفرنس میں کہا، "بنگلہ دیش اپنی تزویراتی آزادی کو برقرار رکھے گا اور کسی کی طرف داری نہیں کرے

(باقی صفحہ 5 پر)

# اسرائیلی آبادکاروں کے بڑے پیمانے پر حملے، 50 سے زائد فلسطینی زخمی

رام اللہ، 14 فروری (یو این آئی) مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فوج کی سیکورٹی میں اسرائیلی آبادکاروں کے حملوں میں کم از کم 54 فلسطینی زخمی ہوگئے۔ الجزیرہ کے مطابق اسرائیلی آبادکاروں اور فوجیوں نے آج صبح مغربی کنارے کے قصبوں پر بڑے پیمانے پر حملے کیے ہیں جس کے نتیجے میں گرفتاریاں، درجنوں زخمی اور زرعی اراضی اور املاک کی تباہی ہوئی ہے۔ آبادکاروں نے نابلس کے جنوب میں تلفت اور قصرہ کے قریب فلسطینیوں پر براہ راست گولہ بارود اور آنسو گیس فائر کی، آبادکاروں نے مقبوضہ بیت المقدس کے شمال مشرق میں واقع قصبے مخماس کے قریب خلیت الصدرہ کے اجتماع پر دھاوا بول دیا۔ ترمس آیا میں رام اللہ کے قریب آبادکاروں نے تقریباً 300 زیتون کے درخت کاٹ دیے اور زرعی زمین

(باقی صفحہ 5 پر)

# جنسی زیادتی میں ملوث ایپسٹین نے خودکشی نہیں کی، ممکنہ طور پر انکا گلا دبایا گیا: ڈاکٹر کا دعویٰ

واشنگٹن، 14 فروری (یو این آئی) کمسنوں سے جنسی زیادتی اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث بدنام زمانہ امریکی جیفری ایپسٹین کی موت سے متعلق حیرت انگیز انکشاف سامنے آیا ہے۔ ڈاکٹروں نے دعویٰ کیا ہے کہ جیفری ایپسٹین نے خودکشی نہیں کی بلکہ ممکنہ طور پر اس کا گلا دبایا

(باقی صفحہ 5 پر)









